# ادارۂ تحقیقات اسلامی

اسلام آباد (پاکستان)

تار کا پتہ : اسلامسرچ

پتہ : سیوک سنٹر رسنا - ۶

پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۵


حوالہ نمبر 2657/1018/3

تاریخ ۱۲ مارچ ۸۱ء

مولانائے محترم

السلام علیکم

آپ نے پچھلی ملاقات میں فرمایا تھا کہ مارچ کا مہینہ مناسب رہے گا۔ اس لئے کہ موسم اچھا ہو گا اور طبیعت بھی اعتدال پر ہو گی ۔۔ سو مطلع فرمائیے کہ میں کب تک آ جاوں ۔ میرا معمول یہ ہو گا کہ میں ظہر کے وقت آپ کے پاس پہنچوں گا اور مغرب تک رہا کروں گا۔ اس بار ارادہ ہے کہ یکسو ہو کر اس کام کو ختم کر ڈالوں ۔ میری یہ ملاقات مولانا فراہی کے سلسلے میں ہوگی ۔ آپ کے متعلق جو معلومات جمع کرنی ہیں ان کے لئے سوالنامے کا طریقہ ہی ٹھیک رہے گا۔ پہلے کے سوالات کا جواب آپ نے لکھ لیا ہو تو مزید سوالات بھیج دوں ۔

جوابی لفافہ پتا لکھ کر بھیج رہا ہوں تاکہ آپ کو زحمت نہ ہو اور آپ جلدی سے جواب روانہ کر دیں ۔

امید کہ آپ کی صحت ٹھیک ہوگی ۔

والسلام

( شرف الدین اصلاحی)

مولانا امین احسن اصلاحی
کیئر آف فاران فاونڈیشن
122 فیروز پور روڈ
اچھرہ ۔ لاہور

Kai
14/3/81